الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586


MODE: **Regular**

Name : **bintehawwa**

Address : **bahawalpur pakistan**

Subject : **HARAM-HALAL**

Writer : محمد وقار

Serial No : **20199**

Date : **8/22/2013**

Contact No:

Email :

kya homeopethic dwayian istemal krna jaiz/halal he?????
hme 1 saudi arab ki rehaishi khatoon ne btaya he k saudi arab me homeopethic dwayion pe pabndi he kiyon k in  k bnane me alcohal ka istemal kiya jata he.ap is k bare me btayen.

کیا ہومیوپیتھک دوائیاں استعمال کرنا جائز ہے؟ ہم کو ایک سعودی عرب کی رہائشی خاتون نے بتایا ہے کہ سعودی عرب میں ہومیوپیتھک دوائیوں پر پابندی ہے کیونکہ ان کے بنانے میں الکوحل کا استعمال کیا جاتا ہے - آپ اس کے بارے میں بتائیں -

## الجواب حامداً ومصلیاً

واضح رہے کہ آج کل دوائیوں میں جو الکوحل ملائی جاتی ہے، وہ عموماً انگور اور کھجور کے علاوہ دیگر اشیاء مثلاً: گندھک اور دیگر پھولوں اور سبزیوں سے بھی کشیدہ ہوتے ہیں اور ایسے الکوحل کا استعمال مختلف فیہ ہے، اس لئے اس قسم کی چیزوں کا استعمال مطلقاً ناجائز اور حرام نہیں، بلکہ اس کے استعمال کی گنجائش ہے - تاہم اگر تحقیق سے معلوم ہو جائے کہ وہ انگور اور کھجور سے بنائی ہوئی ہے اور کسی کیمیاوی طریقے سے اس کی ماہیت کو تبدیل نہ کیا گیا ہو تو ایسی چیزیں بلاشبہ ناپاک اور اس کا خارجی و داخلی استعمال شرعاً جائز نہیں -

فی شرح الاشباہ والنظائر: القاعدة الثانية:

الامور بمقاصدها اھ (۱۰۲/۱)

وفی تکملة فتح الملهم: وبهذا تبين حكم الكحول المسكرة التي عمت بها البلوى اليوم، فانها تستعمل في كثير من الادوية والعطور والمركبات الاخرى، فانها ان اتخذت من العنب والتمر فلاسبيل الى حلتها او طهارتها وان اتخذت من غيرهما، فالامر فيها سهل على مذهب ابي حنيفة رحمه الله تعالى ولايحرم استعمالها للتداوي (الى قوله) وان معظم الكحول التي تستعمل

(جاری)

اليوم فی الأدوية والعطور وغيرها لاتتخذ من العنب
أو التمر، انما تتخذ من الحبوب والقشور أو البترول
وغيره اھ (٤/٢٠٨)۔ واللہ اعلم بالصواب

محمد وقار
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶
۵/۹/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان بخاری غفر له
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۸/۹/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ سعید رشید غفر له
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۳ رمضان ۱۴۳۵ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
20199
۱۴۳۵/۹/۱۸ھ